Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

21 اگست 2023

- پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کا اہم اجلاس
  - **ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج، اٹک شفقت اللہ خان کے اٹک جیل کے دورے اور چیئرمین عمران خان سے خلافِ قواعد بدترین سلوک کے معاملے کی تصدیق کا مفصل جائزہ**
- جیل حکام کی جانب سے چیئرمین تحریک انصاف عمران خان سے بدترین انتقامی رویے اور خلافِ قانون و قواعد سلوک کی شدید مذمت
- روزِ اوّل سے نشاندہی کر رہے ہیں کہ چیئرمین عمران خان کو جیل میں نہایت غیر انسانی، غیر اخلاقی اور خلافِ قانون سلوک کا سامنا ہے۔
- ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نے اپنی رپورٹ میں ان تمام خدشات کی تصدیق کی ہے جن سے کور کمیٹی وقتاً فوقتاً قوم کو آگاہ کرتی آئی ہے۔
- ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج شفقت اللہ کے مطابق چیئرمین عمران خان کی شکایات مکمل طور پر درست ہیں اور انہیں اس حالت میں رکھنا پاکستان پریزن رولز 257 اور 771 کی صریح خلاف ورزی ہے۔

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- جبر وانتقام کے اس سلسلۂ ناروا کے باوجود چیئرمین عمران خان کے حوصلے پست نہیں ہوئے اور وہ ایک چٹان کیطرح اپنے اصولوں پر ڈٹے ہوئے ہیں۔
- ایف آئی اے کی جانب سے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کی غیر قانونی گرفتاری اور دورانِ حراست ان سے روا رکھی جانے والی بدسلوکی کی بھی شدید مذمت کرتے ہیں۔

○ **آرمی ایکٹ اور آفیشل سیکرٹ ایکٹ میں ترامیم کے مسوّدوں کی توثیق کے حوالے سے صدرِ مملکت کے ٹویٹ اور بعد کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال**

- آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت مقدمات کی سماعت کیلئے خصوصی عدالت کے قیام کا وزارتِ قانون کا نوٹیفکیشن مسترد
- صدرِ مملکت کے واضح مؤقف کے باوجود خصوصی عدالت میں وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کی پیشی اور ان کیمرہ سماعت پر شدید تشویش کا اظہار
- کسی بھی معاملے پر قانون سازی کا عمل صدرِ مملکت کی توثیق کے بغیر مکمل نہیں ہوتا۔
- قانون سازی کے پہلے دور میں صدرِ مملکت کی توثیق سے محروم مسوّدۂ قانون پر "ازخود منظوری" کے اصول کا اطلاق کرکے اسے منظور تصوّر کرنا آئین اور قواعد وضوابط سے صریح انحراف ہے۔
- قانون سازی کے دوسرے دور میں بھی "ازخود منظوری" کا اطلاق پارلیمان کے مشترکہ اجلاس سے منظوری اور صدرِ مملکت کو توثیق کیلئے بھجوائے جانے کے دس روز بعد ہوتا ہے۔

- آرمی ایکٹ اور آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے قوانین میں ترامیم کے مسوّدہ جات 8 اگست کو صدرِ مملکت کو ارسال کئے گئے۔
- نو اگست کو وزیراعظم کی سفارش پر قومی اسمبلی کی تحلیل کے بعد دونوں ترمیمی مسوّدوں کی منظوری کیلئے پارلیمان نامکمل ہوگئی۔
- صدرِ مملکت کے واضح انکار اور حکم عدولی کے نتیجے میں ترمیمی مسوّدہ جات کے نوٹیفکیشن کا اجراء آئین و قانون سے سنگین مذاق، قابلِ مذمت و گرفت جرم ہے۔
- غیر منظور شدہ قوانین کے بل پر تحریک انصاف کیخلاف انتقامی کارروائیوں میں تیزی کا واحد مقصد عمران خان اور ان کی جماعت کے مستقبل کو کچلنا ہے۔
- اس سنگین آئینی و ریاستی بحران کے حل اور ذمہ داروں کیخلاف بھرپور کارروائی کیلئے عدالتِ عظمٰی سے رجوع کریں گے۔

- **اجلاس میں 22 اگست کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیئرمین عمران خان کی توشہ خانہ کیس میں سزا کیخلاف اپیل کی سماعت کے مختلف پہلوؤں پر بھی تبادلہ خیال**

- قانونی ٹیم بھرپور انداز میں اپنا مقدمہ لڑے گی، امید ہے کہ انتقام اور قانون کے امتیازی نفاذ کا سلسلہ ختم ہو گا اور انصاف مہیّا کیا جائے گا۔

- **اجلاس میں تحریک انصاف کے کارکنان اور قائدین کیخلاف بدترین انتقامی کارروائیوں کے تسلسل کا بھی جائزہ**

- کور کمیٹی اراکین کی جانب سے عدالتی احکامات کی صریح خلاف ورزی کرتے ہوئے عثمان ڈار کے گھر اور فیکٹری کو ایک مرتبہ پھر سر بمہر کئے جانے کی شدید مذمت
- جنوبی پنجاب میں بزرگ پارلیمنٹرین سردار نصر اللہ خان دریشک اور ان کے اہلِ خانہ کیخلاف ننگی ریاستی جارحیت کی بھی شدید مذمت
  - **کور کمیٹی کی جانب سے امریکہ میں پاکستان کے سفیر کے بھجوائے گئے خفیہ مراسلے (سائفر) کی تحقیقات کیلئے نہایت بااختیار عدالتی کمیشن کی تشکیل اور قوم کی حقائق سے آگاہی کے مطالبات کا بھی پرزور اعادہ**
  - **قومی اسمبلی کی تحلیل کے بعد انتخابات کے انعقاد کو 90 روز سے آگے لے جانے کی غیر آئینی کوششوں کو کسی طور قبول نہ کرنے پر اتفاق**
  - **کور کمیٹی کے آج کے اجلاس میں تنظیمی امور پر بھی تفصیلی غور**
- کور کمیٹی کی جانب سے تنظیمی اہداف کے مؤثر حصول کے حوالے سے تنظیمی ڈھانچوں کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار اور ذمہ داران کو زبردست خراجِ تحسین
- ملک میں آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی، جمہوریت کی بحالی، عوام کے ووٹ کے حق کے تحفظ اور حقیقی آزادی کے حصول کی تحریک میں عوام کی فعّال شرکت کے حوالے سے مختلف آپشنز پر غور
- چیئرمین عمران خان سمیت تمام پابندِ سلاسل قائدین اور کارکنان کی رہائی کے ساتھ سنگین سیاسی چیلنجز سے نبرد آزما ہونے کی حکمتِ عملی پر بھی بات چیت

- نہایت نامساعد حالات میں جیلوں میں قید کارکنان و قائدین کے عزم و استقامت کو زبردست خراجِ تحسین کے ساتھ ان کی صحت و سلامتی اور جلد رہائی کیلئے دعا
- بدترین ریاستی جبر و فسطائیت کے سائے میں چیئرمین عمران خان کے پیغام کو زندہ رکھنے، تحریکی بیانیے اور سرگرمیوں کو آگے بڑھانے والے کارکنان و ذمہ داران کو بھی خراج تحسین

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ